Urdu | اردو

NATIONAL CERVICAL SCREENING PROGRAM

A joint Australian, State and Territory Government Program


Australian Government

# سرویکل سکریننگ

ہر 5 سال بعد سرویکل سکریننگ ٹیسٹ کروانے سے آپ کو اپنی خاطر اور اپنے گھرانے کی خاطر صحتمند رہنے میں مدد ملے گی۔



1. خود کو سرویکل کینسر (رحم کی گردن کے کینسر) سے بچانے کے بہترین طریقوں میں سے ایک طریقہ سرویکل سکریننگ ہے - تاکہ آپ اپنی خاطر اور اپنے گھرانے کی خاطر **صحتمند رہ سکیں۔**



2. یہ **بہت کم وقت لینے والا ٹیسٹ ہر 5 سال بعد** HPV نامی وائرس کا پتہ چلانے کے لیے کیا جاتا ہے جس کی وجہ سے سرویکل کینسر ہو سکتا ہے۔




3. اگر آپ 25 سے 74 سال عمر کی عورت ہیں یا جسم میں سرویکس رکھنے والا انسان ہیں تو **اپنی ڈاکٹر یا نرس** سے سرویکل سکریننگ ٹیسٹ کروانے کے لیے بات کریں۔



4. آپ **چن** سکتی ہیں کہ آپ کا سرویکل سکریننگ ٹیسٹ کیسے ہو گا۔ اس کے 2 طریقے ہیں اور آپ چن سکتی ہیں کہ آپ کے لیے کونسا طریقہ ٹھیک رہے گا۔




5. **آپ کی ڈاکٹر یا نرس آپ کا سکریننگ ٹیسٹ کر سکتی ہے۔** آپ سے ایک پردے والی جگہ پر کمر سے نیچے کے کپڑے اتارنے اور ایک ٹیبل پر چادر تلے لیٹنے کو کہا جائے گا۔




6. ڈاکٹر یا نرس آپ کی سرویکس (رحم کی گردن) سے نمونہ لے گی۔ اس میں تھوڑی سی زحمت محسوس ہو سکتی ہے لیکن تکلیف نہیں ہونی چاہیے۔ اس میں صرف چند منٹ لگیں گے۔





7. یا آپ **خود اپنا نمونہ لے سکتی ہیں۔** آپ کی ڈاکٹر یا نرس آپ کو خود اپنا نمونہ لینے کا طریقہ بتائیں گی اورایک پردے والی جگہ مہیا کریں گی۔
اپنی ڈاکٹر یا نرس سے اس گائیڈ جیسی کوئی اور گائیڈ دکھانے کو کہیں تاکہ آپ کو خود اپنا نمونہ لینے میں مدد ملے۔



8. یہ دونوں طریقے سرویکل سکریننگ ٹیسٹ کے محفوظ طریقے ہیں۔
یاد رکھیں، اگر آپ چاہیں تو آپ لیڈی ڈاکٹر یا لیڈی نرس مانگ سکتی ہیں۔

**اپنی ڈاکٹر یا نرس سے بات کرنے کے لیے** اپائنٹمنٹ لیں۔ آپ :

- سرویکل سکریننگ کے متعلق مزید معلومات health.gov.au/NCSP-multicultural پر بھی لے سکتی ہیں
- **1800 627 701** پر کال کر سکتی ہیں
- اپنی زبان میں مدد حاصل کرنے کے لیے **13 14 50** پر ٹرانسلیٹنگ اینڈ انٹرپریٹنگ سروس کو کال کر سکتی ہیں۔